فوری ریلیز کے لیے: 2023/16/3 ***KATHY HOCHUL** گورنر*

***گورنر HOCHUL کا مقامی حکومتوں کے اخراجات میں کمی لانے میں مدد دینے کے لیے تقریباً 2.9$ ملین کی گرانٹ کا اعلان***

***مقامی حکومتوں کی کارکردگی کے لیے گرانٹ پروگرام ریاست بھر میں سات منصوبوں کی مالی اعانت کرے گا تاکہ کارروائیوں کو مرکزی دھارے میں لایا جا سکے اور ٹیکس دہندگان کو مزید تحفظ دیا جا سکے***

***FY 2024 کے ایگزیکٹیو بجٹ میں مقامی حکومتوں کی کارکردگی کے لیے گرانٹس کے مد میں 3.9$ ملین شامل ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست بھر میں کاؤنٹیز اور میونسپلٹیز کو سات منصوبوں کی مالی اعانت کے لیے 2,884,500$ دیے جا رہے ہیں جو استحکام، مشترکہ خدمات یا اندرونی کارکردگیوں کے ضمن میں سرکاری اخراجات میں کمی کرتے ہیں۔ مقامی حکومتوں کی کارکردگی کے لیے گرانٹ پروگرام کے حصے کے طور پر، پانچ مفوضہ رقوم نفاذ کے حوالے سے اخراجات میں کمی لائیں گی، جبکہ باقی کی دو مفوضہ رقوم منصوبہ بندی کے منصوبوں میں مدد دیں گی۔۔ FY 2024 کا ایگزیکٹیو بجٹ مقامی حکومتوں کو بنیادی نوعیت کی امداد جاری رکھے ہوئے ہے، جس میں مسابقتی مقامی حکومتوں کی کارکردگی کے لیے گرانٹ کے مد میں 3.9$ ملین شامل ہیں۔

"مقامی حکومتوں میں ایک دہائی سے زائد تک خدمات سرانجام دینے کے سبب، میں جانتی ہوں کہ مقامی حکومتوں کو اخراجات میں کمی اور منصوبوں کو اختتامی لکیر تک پہنچانے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہے"، **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہر لحاظ سے تیار اور موثر ہونے کے ذریعے نیو یارک کے باشندگان کو بہتر خدمات مہیا کرتے ہوئے، نیز آنے والے برسوں میں ریاست بھر میں مزید ترقی یافتہ کمیونٹیز کی تخلیق کرتے ہوئے - ان گرانٹس سے مقامی حکومتوں کے منصوبوں اور خدمات کو مرکزی دھارے میں لانے میں مدد ملے گی۔"

**ریاستِ نیو یارک کے سیکرٹری برائے اسٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا کہ،** "مقامی حکومتوں کی کارکردگی کے لیے گرانٹ کا پروگرام نیو یارک کی ان کاؤنٹیز اور میونسپلٹیز کے لیے ایک کارآمد ہتھیار ہے جو ذمہ دار، منصوبوں کو اختتامی لکیر تک لے جانے والے اور اس کے بعد بھی رقوم کی بچت کرنے والے اقدامات کے حصول کے لیے معاونت کی تلاش میں ہیں۔ یہ اہم فنڈنگ ہمارے شراکت داروں کو ان کلیدی منصوبوں کے نفاذ میں مدد دے گی جو ٹیکس دہندگان کے ڈالرز کی بچت کے عوض، کمیونٹیز کی کارکردگی کو موثر بناتے اور کارروائیوں کو مرکزی دھارے میں لاتے ہیں۔"

نوازے گئے منصوبوں میں شامل ہیں:

- **واشنگٹن کاؤنٹی - مشترکہ ہائی وے کی سہولت - 400,000$**
  واشنگٹن کاؤنٹی اور ٹاؤن آف فورٹ این، محکمہ برائے پبلک ورکس کے تحت کاؤنٹی اور قصبے کے دو ملحقہ گوداموں کے بدلے میں مضافات میں ایک گودام کی تعمیر کے لیے 10,140,980$ کی مالیت کا

منصوبہ وصول کریں گے۔ نئی، جدید ترین سہولت خدمات کی بہتر فراہمی، مشترکہ ساز و سامان اور مضبوط عمارتوں کو ممکن بنائے گی جو کہ انتظامی اخراجات میں کمی لائیں گے۔

- **ٹاؤن آف ڈیریئن - علاقائی گندے پانی کی صفائی - 600,000$**
  ٹاؤن گندے پانی کو بذریعہ طاقت دھکیلنے والا اور پمپ کرنے کے لیے ایک نیا اسٹیشن بنائے گا جو گندے پانی کو مشترکہ کورفو/پیمبروک گندے پانی کی صفائی کے پلانٹ تک پہنچانے میں مدد دے گا۔
  4,781,000$ مالیت کا یہ منصوبہ اس میں شامل شراکت داروں کے لیے طویل المدتی کارروائی اور دیکھ بھال کے اخراجات میں کمی لائے گا۔

- **اونٹاریو کاؤنٹی - ملٹی میونسپل ای کنٹریکٹ مینجمنٹ سسٹم - 990,000$**
  1,100,000$ مالیت کا یہ منصوبہ 23 میونسپل اداروں کو واحد، کلاؤڈ پر مبنی الیکٹرانک کنٹریکٹ مینجمنٹ سسٹم میں تبدیل کرے گا۔ مرکزی دھارے میں لانے کا یہ اقدام میونسپلٹیز، فراہم کاران اور بیمہ فراہم کاروں کو مستقبل میں تعاون اور یکساں معیار فراہم کرنے کا موقع دے گا۔

- **لیونگسٹن کاؤنٹی پانی و نکاسی کا محکمہ - بنیادی ڈھانچے کی مشترکہ دیکھ بھال - 650,000$**
  لیونگسٹن کاؤنٹی میں پانی و نکاسی کا محکمہ ایک ویکیوم ٹرک خریدے گا، اور کمیونٹی کے ان اراکین کے لیے اسے دستیاب کیا جائے گا جو محکمے کے ساتھ بین المیونسپل معاہدہ کرتے ہیں۔ یہ ٹرک میونسپل میں پانی، نکاسی اور طوفانی پانی کے نظاموں میں بہتری لائے گا۔

- **ٹاؤن آف ایلما - ایلما میڈوز گندے پانی کی صفائی کے منصوبے میں بہتری - 400,000$**
  5,400,000$ مالیت کا یہ منصوبہ ٹاؤن آف ایلما اور ایراکووا سینٹرل اسکول ڈسٹرکٹ کی مشترکہ کوشش ہے تاکہ پہلے سے موجود دو گندے پانی کی صفائی کے پلانٹس کو اپ ڈیٹ اور مضبوط تر بنایا جا سکے۔ منصوبے میں ہائی اسکول کے گندے پانی کی صفائی کے پلانٹ کی پہلے سے موجودہ جگہ کے اوپر ایک مضبوط پلانٹ کی تعمیر شامل ہے۔

- **ٹاؤن آف لیسیسٹر - آتشزدگی اور EMS کی خدمات کا جائزہ - 19,500$**
  لیسیسٹر کا قصبہ اور گاؤں، لیسیسٹر محکمۂ آتشزدگی اور کیولرویل محکمۂ آتشزدگی کے ہمراہ معاہدے کے تحت فراہم ہونے والی آتشزدگی اور EMS کی خدمات کی سطحوں اور اقسام کا جائزہ مکمل کریں گے۔ یہ خدمات کے ممکنہ متبادل جس میں دونوں آتشزدگی محکموں کا انضمام اور ایک مشترکہ آتشزدگی ڈسٹرکٹ کی ممکنہ تخلیق شامل ہے، کے قیام کے لیے عمل پذیری کے تجزیے میں معاونت کریں گے۔

- **کیزینوویا سینٹرل اسکول ڈسٹرکٹ - مشترکہ ہائی وے گیراج اور بجلی سے چلنے والی گاڑیوں کی چارجنگ کے لیے بنیادی ڈھانچہ - 25,000$**
  کیزینوویا سینٹرل اسکول ڈسٹرکٹ، نیلسن اور کیزینوویا کے قصبے، نیز کیزینوویا کا گاؤں بس اور ہائی وے گیراج کے بنیادی ڈھانچے اور وسائل میں مضبوطی کے لیے مواقع کے بارے میں تحقیق کے لیے 50,000$ وصول کریں گے۔ مزید برآں، یہ تحقیق بجلی سے چلنے والی گاڑیوں کی چارجنگ کے لیے مشترکہ بنیادی ڈھانچے کی عمل پذیری کا بھی جائزہ لے گی۔

یہ سات مفوضہ جات LGEG 2022 کے لیے وصول ہونے والی 20 درخواستوں میں سے منتخب کیے گئے تھے۔ درخواستیں ریاستی فنڈنگ برائے مضبوط کاری کی درخواست (Consolidated Funding Application, CFA) کے لائحہ عمل کے تحت جمع کروائی گئی تھیں اور نتیجتاً انہیں متعدد معیاروں پر درجہ بند کیا گیا تھا، جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں، تاہم وہ ان تک محدود نہیں:

- سرمایہ کاریوں پر ٹیکس دہندگان کو واپسی
- منصوبے کا پیمانہ
- دائرہ کار

- میونسپل کی تیاری
- عوامی شمولیت
- کام کا منصوبہ
- بجٹ کی تفصیل

مزید برآں، LGEG ہدایات کے مطابق درخواستوں میں کم از کم دو مقامی حکومتوں کے اہل ادارے شامل ہوں۔

LGEG کی گرانٹ کے لیے درخواستیں دو درجوں میں آ سکتی ہیں - نفاذ کی گرانٹس یا منصوبہ بندی کی گرانٹس۔ نفاذ کی گرانٹس ہر شامل میونسپلٹی کو $200,000 تک فراہم کر سکتی ہے، جسے زیادہ سے زیادہ $1,000,000 کی گرانٹ تک بڑھایا جا سکتا ہے۔ نفاذ کی گرانٹس کے لیے، مقامی کم از کم حصہ 10% ہے۔ منصوبہ بندی کی گرانٹس کے لیے، ہر حصہ لینے والی میونسپلٹی کو $12,500 تک دیا جا سکتا ہے جبکہ منصوبے کی زیادہ سے زیادہ قیمت $100,000 سے تجاوز نہیں کر سکتی۔ ان گرانٹس کے لیے مقامی حکومتوں کا حصہ، پروجیکٹ کی منصوبہ بندی کے اخراجات کے مد میں $50,000 ہے۔

LGEG گرانٹ پروگرام، ریاستی محکمے میں مقامی حکومتوں کی خدمات کے ڈویژن کے زیر نگرانی پروگرامز میں سے صرف ایک پروگرام ہے۔ ڈویژن مقامی حکومتوں کو تکنیکی معاونت اور مسابقتی گرانٹس مہیا کرتا ہے۔ LGEG یا ڈویژن کے فراہم کردہ کسی بھی دوسرے پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم localgov@dos.ny.gov سے رابطہ کریں یا فون نمبر 518 473-3355 پر کال کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں